36739 ـ قات كهانے كى حرمت

سوال

قات كهانے اور عصر كى نماز بروقت اور باجماعت ترك كر كے مغرب سے آدھ گھنٹہ قبل ادا كرنے كا حكم كيا ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

قات كهانى حرام ہے؛ كيونكہ يہ اللہ تعالى كے ذكر اور نماز سے غافل كر كے روك ديتى ہے، اور نماز كے وقت ميں تاخير كرنا اور بروقت نماز ادا نہ كرنا جائز نہيں، اور نماز باجماعت ترك كرنا بھى جائز نہيں ہے.

يہ سب برائياں اور منكرات قات كهانے كے باعث پيدا ہوتى ہيں، اس وجہ سے قات كهانے كى حرمت تو اور بھى بڑھ كر شديد حرام ہو جاتى ہے.

اللہ تعالى ہى توفيق دينے والا ہے.